# فتاوے

**سوال** :- زید نے اپنی بیوی کا دودھ پی لیا اور اس وجہ سے اپنی بیوی کو اپنے اوپر حرام جانکر طلاق دیدی پھر ایام عدت میں ایک مولوی کے کہنے سے یا اپنے ہی طور سے رجوع کر لیا پس کیا بیوی کا دودھ پی لینے سے زید پر اس کی بیوی حرام ہوگئی؟ اور کیا حرام سمجھکر دی ہوئی طلاق شرعاً معتبر ہوگی۔ اگر معتبر ہوگی تو کیا زید کا عدت کے اندر رجوع کر لینا درست اور صحیح ہوا۔ محمد مسلم از مالدہ

**جواب** :- زید پر اس کی بیوی حرام نہیں ہوئی۔ حرمت رضاعت اس وقت ثابت ہوتی ہے جب بچہ مدت رضاعت یعنی دو برس کی عمر کے اندر کسی عورت کا دودھ پی لے۔ دو برس کی عمر کے بعد دودھ پینے سے حرمت نہیں ثابت ہوتی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں انما الرضاعة من المجاعة (بخاری ومسلم) لایحرم من الرضاع الاما فتق الامعاء (ترمذی وحاکم) عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لارضاع الا ما کان فی الحولین (دار قطنی وبیہقی وغیرہ) لیکن شوہر کیلئے احتیاط اس میں ہے کہ بیوی کا دودھ نہ پئے کیونکہ سلف میں حضرت عائشہؓ اور امام داؤد وعلامہ ابن حزم ظاہری وغیرہ حضرت سالم مولی ابی حذیفہ کے واقعہ سے استدلال کرتے ہوئے رضاعت کبیر کے قائل ہیں پس ورع واحتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ اس سے قطعی پرہیز کیا جائے۔ صورت مسئولہ میں زید کی بیوی پر طلاق واقع ہوگئی اس کی اس مسئلہ سے ناواقفی ولاعلمی وقوع طلاق سے مانع نہیں ہوگی۔ واما شرط الطلاق علی الخصوص فشیئان احدهما قیام القید فی المرءة نکاحا اوعدة والثانی قیام حل محل النکاح حتی لو حرمت بالمصاهرة بعد الدخول بها حتی وجبت العدة فطلقها فی العدة لم یقع لزوال الحل واذا طلقها ثم راجعها یبقی الطلاق وان کان لایزیل الحل والقید فی الحال الخ (عالمگیری)

اگر زید نے طلاق رجعی دی تھی تو رجوع کرنا درست ہوا اور اگر طلاق بائن دی تھی تو رجوع کرنے سے اسکی مطلقہ اسکی زوجیت میں واپس نہیں آئی۔ اور یہ رجوع کرنا لغو ہے ہاں اگر یہ مطلقہ راضی ہو تو نکاح جدید کے ذریعہ اسکو اپنی زوجیت میں لاسکتا ہے۔

**سوال** :- (۱) کیا نیم آستین اور صدری پہنکر عورت اور مرد نماز پڑھ سکتے ہیں؟

(۲) نیند کے خوف سے عشا ہی کے وقت وتر پڑھ لے اور آخر وقت نیند ٹوٹنے پر تہجد ادا کر لے کیا ایسا کرنا جائز ہے؟

(۳) میت کے ذمہ فرضی روزہ فوت شدہ کامل مہینے بھر کا ہو تو اس کے وارث بیٹا بیٹی اور نانی نواسی پہو وغیرہ رکھ سکتے ہیں یا نہیں اور سب ملکر دو دو چار چار روزے رکھ دیں یا اکیلا ایک شخص۔ اگر اکیلا ایک شخص نہ رکھ سکے تو ادائیگی کی کیا صورت ہے اور فوراً رکھیں یا دو چار سال بعد بھی رکھ سکتے ہیں؟

(۴) پائخانے کے بچے ہوئے یا استنجا کے بچے ہوئے پانی سے یا جھوٹے پانی سے وضو کر سکتے ہیں یا نہیں اور وضو کے بچے ہوئے پانی سے استنجا پاک کر سکتے ہیں یا نہیں؟